میرے بچے کے لیے

خون میں سیسے کا ٹیسٹ کروانا کیوں ضروری ہے؟

1 **سیسہ چھوٹے بچوں کے لیے بہت خطرناک ہوتا ہے۔** یہ درج ذیل کا باعث بن سکتا ہے:

- دماغ اور اعصابی نظام کو نقصان
- سست رفتار افرائش اور نشوونما
- سیکھنے پر مبنی اور رویہ جاتی مسائل
- سماعت اور بول چال کے مسائل

2 **ورجینیا میں بہت سے قدیم گھر موجود ہیں۔** اس کا مطلب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ آپ کا بچہ (کے بچے) پینٹ، مٹی، پانی، یا دیگر گھریلو ذرائع سے سیسہ کے زیر اثر آ چکا ہو۔

3 **اکثر اوقات، سیسے کے زیر اثر آنے سے بچوں میں ایسی کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں کہ وہ بیمار ہیں۔** یہ جاننے کا واحد طریقہ کہ آیا انہیں سیسے کا سامنا ہو چکا ہے یا نہیں، ان کے خون میں سیسے کا ٹیسٹ کروانا ہے۔

4 **چھوٹے بچے بعض اوقات نہ کھانے پینے کی چیزیں جیسے کہ کھلونے، اپنے منہ میں ڈال لیتے ہیں۔** اس سے ان کے جسم میں سیسے کی موجودگی کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

جن بچوں میں سیسہ کے زیر اثر ہونے کا خطرہ ہو ان کا 12 اور 24 ماہ کی عمر میں خون میں سیسے کا ٹیسٹ کروا لینا چاہیئے۔ اپنے بچوں کے لیے خون میں سیسے کی ٹیسٹنگ کروانے کے سلسلے میں اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے بات کریں۔

VDH VIRGINIA DEPARTMENT OF HEALTH

سیسے کے زہر کی روک تھام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں
/www.vdh.virginia.gov/leadsafe